© rasailojaraid.com

حکیم الامۃ ص۳۰۸ اور مجدد الملّت کے آثار علمیہ ص۳۲۹ کے نام سے مقالات جس مضمون نگار سے منسوب ہیں وہ دراصل دو مشاہیر اہل قلم کے مضامین ہیں۔ اس علمی سرقہ کی ذمہ داری مضمون کا اپنی طرف انتساب کرنے والے پر ہے۔ ناشر کی لاعلمی میں اگر ایسا ہوا تو وہ بری الذمہ ہیں۔ کتاب کیا ہے ائمہ ہدایت کا ذکر جمیل۔ معلومات کا گنجینہ، ہر مسلمان کیلئے اس کا مطالعہ مفید ہے۔ مگر خانوادۂ قاسمیؒ سے نسبت رکھنے والوں کیلئے تو اسے حرزِ جان بنانا چاہیئے۔ مکتبۂ رشیدیہ نے اپنی مطبوعات سے اپنا ایک معیار قائم کرلیا ہے۔ اللھم زد فزد۔

**عصمتِ انبیاءؑ اور حرمتِ صحابہؓ** | مولانا محمد یوسف بنوری مدظلہٗ ناشر مکتبۂ حکمت اسلامیہ نوشہرہ قیمت قسم اوّل ۵۰ پیسے قسم دوئم ۳۰ پیسے ـــــــ عصمتِ انبیاءؑ اور تعدیل صحابہؓ پر مختصر مگر نہایت عالمانہ اور حکیمانہ مقالہ سنجیدہ انداز میں مودودی صاحب کے غلط نظریات کا محاسبہ۔ اصل مقالہ پہلے بینات میں شائع ہوا تھا۔

**شانِ صحابہؓ** | قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب دارالارشاد کیمبل پور صفحات ۶۰، قیمت ایک روپیہ قرآنِ عزیز کی روشنی میں صحابہ کرام کی فضیلت اور ان کے معیارِ ہدایت ہونے پر سیر حاصل بحث

**تاریخ حرمین** | مولانا محمد مالک صاحب کاندھلوی۔ بیت الحمد ٹنڈو اللہ یار سندھ۔ صفحات ۱۴۳، کاغذ اخباری قیمت ۲/۵۰ حضرت آدم سے لیکر اب تک کعبۃ اللہ کے تعمیری ادوار اور حرمین کی تعمیر و تاسیس کی تاریخ مختصر مگر جامع انداز میں ایک صاحب علم و فضل بزرگ کے قلم سے تقریباً پچاس عنوانات کے تحت معلومات آفرین مواد۔ زائرین حرمین کے لئے اس کا مطالعہ خاص طور سے مفید رہے گا

**جہاد** | از بریگیڈیر گلزار احمد صاحب۔ مکتبۃ المختار ۴ الف گلستان کالونی راولپنڈی صفحات ۳۶۰ قیمت ۱۲/۵۰ مصنف خود مجاہد اور صاحب سیف و سنان ہیں اور علم و قلم کے میدان میں بھی اعلیٰ نقوش چھوڑتے جارہے ہیں۔ اس کتاب کے ذریعہ۔ وجاھدوا فی اللہ حق جہادہ۔ کی ایک حسین تصویر پیش فرمائی ہے۔ جہاد کی حقیقت، اہمیّت، شرائط اور قوانین کے علاوہ جہاد اور عالم اسلامی کے عنوان پر بھی بحث کی گئی ہے۔

**شرح قصیدہ بردہ** | مقدمہ، ترجمہ اور شرح از جناب علی محسن صدیقی استاد تاریخ اسلام کراچی یونیورسٹی ناشر مکتبہ اسحاقیہ جیولرز چوک۔ جونا مارکیٹ کراچی ۲۔ قیمت مجلد ۳/۰۵ روپے۔ امام محمد بن سعید بوصیریؒ کے شہرہ آفاق عربی قصیدہ مدحیہ کے بیشمار شروح اور حواشی کئی زبانوں میں لکھے گئے ہیں۔ پیشِ نظر شرح



© rasailojaraid.com